# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں‘ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں‘ کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ ’بچہ‘ استعمال کیا گیا ہے‘ اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پتوں کے بارے میں ایک کتاب پڑھیں گے۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں پتوں کی کیا اہمیت ہے؟ بچوں کے جوابات سننے کے بعد انہیں بتائیں کہ پتے، پودوں اور درختوں کا ایک اہم حصہ ہوتے ہیں۔

  - یہ درختوں کے لئے کھانا بناتے ہیں۔
  - انسان اور جانوروں کی غذا کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔
  - اگر پتے نہ رہیں تو درخت ختم ہو جائیں گے اور درخت ختم ہو گئے تو انسان اور جانوروں کے لئے بھی خوراک کی بہت کمی ہو جائے گی اور زندہ رہنا مشکل ہو جائے گا۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں اپنی کتابیں نکالیں۔ بچوں کو کتاب میں بنی تصاویر دیکھنے کا موقع دیجئے۔ 8 - 6 بچوں سے باری باری کتاب کے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ پودوں کو اگنے اور بڑھنے کے لئے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچوں کے جوابات سننے کے بعد انہیں بتائیں کہ پودوں کو مٹی، پانی، سورج، روشنی اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ ایک پودے کے کتنے حصے ہوتے ہیں۔ جوابات سننے کے بعد بورڈ پر ایک پودہ بنائیں اور اس کے حصوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں پودے کی ڈرونگ بنائیں۔ اس ڈرونگ میں پودوں کے حصوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں اور رنگ بھریں۔

| Parts of a plant | پودے کے حصے |
|---|---|
| root | جڑ |
| stem | تنا |
| branch | ٹہنی / شاخ |
| leaf | پتہ |
| flower | پھول |

# سیشن 2

10 منٹ
- جن بچوں نے کتاب کی پڑھائی نہیں کی ان میں سے 8-6 بچوں سے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے پتوں کے مختلف سائز اور رنگوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے کہیں چند ایسے بڑے اور چھوٹے پتوں کے نام بتائیں جو انہوں نے دیکھے ہوں۔

- بچوں سے ایسے مختلف رنگوں کے پتوں کے بارے میں بھی پوچھیں جو بچوں نے دیکھے ہوں۔
- بچوں کو بتائیں کہ زیادہ تر پتے ہرے ہوتے ہیں۔ صفحہ نمبر 2 کا حوالہ دیتے ہوئے بتائیں کہ ہرے رنگ کو سبز بھی کہتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ سوچ کر بتائیں کہ کون سے دوسرے رنگوں کے 2 نام ہیں۔
- بچے جو نام بتائیں وہ بورڈ پر لکھیں۔ تیسرے کولم میں ان کا انگریزی نام بھی لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ اس فہرست کو اپنی کوپی میں اتاریں۔
- نیچے دی گئی فہرست ٹیچر کی مدد کے لئے دی گئی ہے۔

| Colour | | رنگ |
|---|---|---|
| green | ہرا | سبز |
| yellow | زرد | پیلا |
| red | لال | سرخ |
| blue | آسمانی | نیلا |
| black | سیاہ | کالا |

10 م
- بچوں سے پتوں کے استعمال کے بارے میں پوچھیں۔ بچے پتوں کا جو استعمال بتائیں اس کی فہرست بورڈ پر لکھیں۔ پتوں کے کچھ استعمال خود بھی بچوں کو بتائیں۔ جیسے

- انسانوں اور جانوروں کی خوراک
- دواؤں میں استعمال
- پرندوں کے گھونسلے بنانے کے لئے
- گھر / جھونپڑی بنانے کے لئے
- مختلف چیزیں (پنکھے' ٹوکریاں بنانے کے لئے)

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنی امی کی مدد سے 8 - 6 ایسے پتوں کی فہرست بنا کر لائیں جنہیں ہم کھانے میں استعمال کرتے ہیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن کے لئے سفید کاغذ اور گوند کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- بچے گھر سے خوراک کے طور پر استعمال ہونے والے پتوں کی فہرست بنا کر لائے ہوں گے۔ بچوں سے زبانی ان پتوں کے نام پوچھیں۔

- وضاحت کریں کہ کچھ پتے ہم پکا کر کھاتے ہیں اور کچھ کچے بھی کھاتے ہیں۔ پکا کر کھائے جانے والے پتوں کی مثالیں دیں۔ جیسے ساگ' میتھی کا پتہ' اروی کا پتہ وغیرہ۔
- کچے کھائے جانے والے پتوں کی مثالیں سلاد کا پتہ' پان کا پتہ' پودینے کا پتہ' دھنئے کا پتہ وغیرہ۔
- کچھ پتے خوشبو کے لئے کھانے میں ڈالے جاتے ہیں جیسے دھنئے کا پتہ' تیز پتہ' کڑی پتہ۔ کچھ پتوں

میں غذائیت ہوتی ہے جیسے پالک کے پتے۔

- بچوں کو بتائیں کہ ہم جو چائے، سبز چائے اور قہوہ پیتے ہیں یہ بھی چائے کے پودوے کی پتیوں کو خشک کرکے بنائی جاتی ہے۔
- بچوں سے کہیں کہ ہم کلاس سے باہر جا کر دیکھتے ہیں کہ ہمارے آس پاس کیسے پتے موجود ہیں۔

10 منٹ • بچوں کو کلاس سے باہر لے جانے سے پہلے ہدایات دیں کہ اسکول میں گھوم پھر کر مختلف درخت اور پودے دیکھیں۔ ان کے پتوں کا سائز اور رنگ بھی دیکھیں اور ہر بچہ ایک ایک پتہ لے کر کلاس میں واپس آئے۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنے لائے ہوئے پتے کو گوند سے کوپی پر چپکائیں۔ پتے کے بارے میں 3 جملے لکھیں جیسے

- یہ ایک پتہ ہے۔
- یہ گلاب کے پودے کا پتہ ہے۔
- اس کا رنگ سبز ہے۔
- یہ پتہ چھوٹا ہے۔
- یہ پتہ مجھے اچھا لگتا ہے۔

- جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

10 منٹ • گھر سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

املا کے لئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں اتارلیں۔ خزاں، کچھ، ہاتھی، مٹھی، زہریلے، چبھتے، مختلف، خوبصورت، کڑوے، کھٹے، خوشبو، مہندی، محسوس وغیرہ

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور دیئے گئے الفاظ سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

15 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں۔
  - بچوں کے جوابات سننے کے بعد بورڈ پر چار موسموں کے نام لکھیں۔ سردی، گرمی، خزاں، بہار
  - بچوں کو بتائیں کہ پودوں پر بھی موسموں کا اثر ہوتا ہے۔ خزاں میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔ اس لئے موسم خزاں کو پت جھڑ کا موسم بھی کہتے ہیں۔
  - موسم بہار میں درختوں پر نئے پتے اور پھول آتے ہیں۔

- بچوں سے کہیں کہ ہر موسم پر ایک ایک جملہ لکھیں۔ لکھنے کا کام دینے سے پہلے بچوں سے کچھ جملے زبانی بنوائیں۔ جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## ٹیچر کے لئے جملوں کی مثالیں

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| گرمی | ہم گرمی کے موسم میں خوب ٹھنڈا شربت پیتے ہیں۔ |
| | گرمی کے موسم میں ہم پنکھے چلاتے ہیں۔ |
| | گرمی کے موسم میں اسکول کی چھٹیاں ہوتی ہیں۔ |
| سردی | سردی کے موسم میں دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہوتی ہیں۔ |
| | ہم سردی کے موسم میں سوئیٹر اور شالیں پہنتے ہیں۔ |
| | کچھ علاقوں میں برف باری ہوتی ہے۔ |
| خزاں | خزاں کے موسم میں درختوں سے پتے گرتے ہیں۔ |
| | درختوں سے گرنے کے بعد پتے نارنجی، پیلے اور بھورے رنگ کے ہوجاتے ہیں۔ |
| بہار | بہار کے موسم میں ہر طرف پھول کھلتے ہیں۔ |

## سیشن 5

- پتوں کے بارے میں بچوں سے چند سوالات زبانی پوچھیں۔ 10 منٹ

1) کس درخت کے پتے ہاتھی کے کان جتنے بڑے ہوتے ہیں؟
2) جو پتے ہاتھ لگانے سے بند ہو جائیں انہیں کیا کہتے ہیں؟
3) کون سے پتے ایسے ہیں جنہیں مسلنے سے ان میں سے پھل / پودے کی خوشبو آتی ہے؟
4) مہندی کے پتے کس رنگ کے ہوتے ہیں؟

5) گھنے درختوں کے نیچے زمین ٹھنڈی کیوں ہوتی ہے؟
6) آپ نے پتوں میں کون کون سے رنگ دیکھے ہیں؟

25 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ پتوں پر 8 - 7 جملوں کا ایک پیراگراف لکھیں۔

  - مضمون میں نیچے دیئے گئے نکات سے مدد لیں۔
  1) پتوں کا رنگ
  2) درخت یا پودے کا نام
  3) پودوں کے لئے پتوں کی اہمیت
  4) پتوں کے مختلف استعمال

  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

10 منٹ
- جو بچے کام مکمل کر لیں ان سے کلاس میں ان کا پیراگراف سنیں۔

  - جن بچوں کا کام مکمل نہ ہو ان سے کہیں کہ گھر سے کام مکمل کر کے لائیں۔

# ہرا پتہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk